27جون 2012

اسٹیٹ بینک نے بینکوں کو یکم اکتوبر 2012ء تک 500 روپے کے پرانے ڈیزائن کے نوٹ تبدیل کرنے کی اجازت دے دی

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے تمام کمرشل بینکوں / مائیکروفنانس بینکوں (ایم ایف بیز) اور ملک بھر میں قائم ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن (ایس بی پی بی ایس سی) کے فیلڈ دفاتر کو یکم اکتوبر 2012ء کو بینکاری اوقات کے اختتام تک 500 روپے کے پرانے ڈیزائن والے بڑے سائز کے نوٹ تبدیل کرنے کی اجازت دے دی ہے۔

واضح رہے کہ 500 روپے کے پرانے ڈیزائن والے بڑے سائز کے نوٹ تبدیل کرانے کی آخری تاریخ پہلے 30 ستمبر 2012ء تھی، تاہم 30 ستمبر 2012ء اتوار ہے، اس لئے وفاقی حکومت نے جون 2012ء میں جاری کیے گئے ایک گزٹ نوٹیفکیشن کے ذریعے یکم اکتوبر 2012ء تک 500 روپے کے پرانے ڈیزائن والے بڑے سائز کے نوٹ تبدیل کرانے کی سہولت فراہم کی ہے۔

اسٹیٹ بینک آف پاکستان / ایس بی پی بی ایس سی مندرجہ بالا مقررہ تاریخ (یعنی یکم اکتوبر 2012ء) کے بعد نہ تو یہ بینک نوٹ تبدیل کرے گا اور نہ ہی اس کی قیمت کسی فرد یا بینک کو ادا کرنے کا ذمہ دار ہوگا۔

اسٹیٹ بینک کی طرف سے تمام کمرشل بینکوں / مائیکروفنانس بینکوں کے صدور / چیف ایگزیکٹوز کو جاری کیے گئے سرکلر لیٹر میں ہدایت کی گئی ہے کہ بینک برانچیں / این بی پی چیسٹس / سب چیسٹس 500 روپے کے پرانے ڈیزائن والے بڑے سائز کے منسوخ شدہ نوٹوں کے وصول کیے جانے کی نئی تاریخ سے متعلق پوسٹر / بینرز اپنی برانچوں کے اندر اور باہر پبلک کاؤنٹرز اور دیگر نمایاں مقامات پر آویزاں کریں۔

اسٹیٹ بینک نے تمام بینکوں کو یہ ہدایت بھی کی ہے کہ وہ اپنی برانچوں کو 500 روپے کے پرانے ڈیزائن والے بڑے سائز کے نوٹوں کی تبدیلی کے اوقات کی کڑی پابندی کو یقینی بنانے کے سلسلے میں ضروری ہدایات جاری کریں اور اس حوالے سے عوام کی آگاہی کے لیے پوسٹرز / بینرز آویزاں کریں۔ اس سلسلے میں بینکوں کو جاری کردہ ہدایات اسٹیٹ بینک کی ویب سائٹ کے مندرجہ ذیل لنک پر دیکھی جاسکتی ہیں: http://www.sbp.org.pk/acc/2012/CL3.pdf

یاد رہے کہ 500 روپے کے پرانے ڈیزائن والے بڑے سائز کے نوٹ کی قانونی حیثیت پہلے ہی یکم اکتوبر، 2011 سے ختم ہوچکی ہے اور اس نوٹ کو قانونی طور پر لین دین کے لئے استعمال نہیں کیا جاسکتا۔

:☆☆☆